اپنے رب کے نام کی تسبیح کیا کر جو سب سے اعلیٰ ہے (القرآن)

صحیح الوظائف

رَضِيتُ بِاللّٰهِ رَبًّا | میں اللہ کے رب ہونے پر

وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا | اور اسلام کے دین ہونے پر

وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا | اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نبی ہونے پر راضی ہوں

موضوعات

- مکمل نماز اردو ترجمہ کے ساتھ
- نماز کے بعد کی دعائیں
- دعا کی قبولیت والے کلمات
- جادو اور جنات سے حفاظت
- روزمرہ کی دعائیں

صبح و شام کے مختصر و جامع وظائف



أَلاَ كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلاَ اللّٰهَ بَاطِلُ

" اللہ کے سوا ہر شے فانی اور باطل ہے۔"

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اسلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ!

یہ کتاب ایک روحانی رہنما ہے جو ہر مسلمان کے لیے عبادات، دعاؤں اور تحفظ کی قرآنی و مسنون رہنمائی فراہم کرتی ہے۔ اس میں مکمل نماز بمع اردو ترجمہ پیش کی گئی ہے تاکہ نماز کو لفظ بہ لفظ سمجھ کر خشوع و خضوع کے ساتھ ادا کیا جا سکے۔

نماز کے بعد کی دعاؤں سے لے کر اللہ کی پناہ میں رہنے کے اذکار، دعا کی قبولیت کے کلمات اور جادو و جنات سے حفاظت کے مجرب اذکار شامل کیے گئے ہیں، جو ہر مومن کی روحانی ڈھال ہیں۔

فوت شدگان کے لیے دعاؤں کا ایک خوبصورت مجموعہ بھی شامل کیا گیا ہے، تاکہ مرحومین کے لیے رحمت و مغفرت طلب کی جا سکے۔ اس کے ساتھ ساتھ قرآنی اور روزمرہ کی مسنون دعائیں بھی شامل ہیں، جو زندگی کے ہر لمحے کو بابرکت بنانے میں مدد دیتی ہیں۔

یہ کتاب نہ صرف ایک دعاؤں کا خزانہ ہے بلکہ اللہ سے تعلق مضبوط کرنے، دل کو سکون بخشنے اور زندگی کے ہر پہلو میں برکت سمیٹنے کا ایک بہترین ذریعہ بھی ہے۔

میں اللہ تعالیٰ کا نہایت شکر گزار ہوں جس نے اپنی توفیقِ خاص سے مجھے اس عظیم کارِ خیر کی تکمیل کا شرف بخشا جس کی بنیاد میرے پیارے نانا جان محترم عبد الرزاق صاحب (مرحوم) نے رکھی۔ اللہ تعالیٰ اُنہیں، میری والدہ محترمہ(اُمِ عمر) اور ہمارے تمام مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ہمارے لیے اس کام کو ذریعہ نجات بنائے۔ آمین

دُعاؤں کا طلبگار

محمد عمر فاروق

(فروری 2025)

حرفِ دُعا

اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہماری اس کاوش کو قبول فرمائے اور اسے ہمارے والدین ، عزیزواقارب اور اُمتِ مسلمہ کے لئے صدقہِ جاریہ بنائے اور اگر اس کتاب کی تیاری کے دوران ہم سے انجانے میں کسی مقام پر کوئی غلطی سرزد ہوئی تو اللہ تعالیٰ ہمیں معاف فرمائے۔

آمین

[redacted]

فہرست

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
1	نماز (تکبیر، ثناء)	1
2	سورۃ فاتحہ، سورۃ اخلاص، رکوع	2
3	پہلا سجدہ، دو سجدوں کے درمیان دُعا	3
4	دوسرا سجدہ، تشہد	4
5	درودِ ابراہیمی، دعائے مغفرت (دعا نمبر 1 اور 2)	5
6	دعائے مغفرت (دعا نمبر 3 اور 4)، سلام، سلام پھیرنے کے بعد کے الفاظ	6
7	دعائے قنوت (وتر میں)، وتر کے بعد دعا، قیام اللیل میں نبی ﷺ کی سجدے کی دعا	7
8	قیام اللیل کے لئے خوبصورت آیات	8
9	نماز کے بعد ان دعاؤں کو بھی اپنا معمول بنائیں	9 تا 10
10	اللہ کی پناہ حاصل کرنے کے لئے	11 تا 13
11	دعا کی قبولیت کے لئے	14 تا 15
12	دعا کی قبولیت کے اوقات	15
13	جادو اور جنات سے حفاظت	16 تا 17
14	فوت شدگان کے لئے دعائیں، نبی کریم ﷺ جب میت کو قبر میں اُتارتے تو فرماتے	18
15	قبروں کو دیکھ کر یہ دُعا پڑھیں، والدین کے لئے دُعا، فوت شدہ مرد کے لئے دُعا	19
16	فوت شدہ عورت کے لئے دُعا، اگر والد اور والدہ دونوں کے لئے دُعا کرنی ہو	20
17	اپنے پیاروں کے لئے اللہ سے مغفرت طلب کریں، اولاد کی والدین کے لئے دُعا	21
18	قرآنی دعائیں	22 تا 28
	روزمرہ کی مسنون دعائیں	
19	نیند سے بیدار ہونے کی دعا، بیت الخلاء میں جانے کی دعا، بیت الخلاء سے نکلنے کی دعا، وضو شروع کرنے کی دعا	29

[redacted]

30	وضو کے بعد کی دعا، آئینہ دیکھتے ہوئے، کھانا کھانے کی دعا، بسم اللہ پڑھنی بھول جائیں تو	20
31	کھانا کھانے کے بعد کی دعا، دودھ پینے کی دعا، گھر سے نکلنے کی دعا، سواری کی دعا	21
32	بازار میں داخل ہونے کی دعا، مسجد میں داخل ہونے کی دعا، مسجد سے نکلنے کی دعا	22
33	پریشان حال کے لئے دعا، مجلس سے اُٹھنے کی دعا، بے قراری کی دعا	23
34	چھینک کے بعد کی دعا، ادائیگی قرض کی دعا، جنت کا خزانہ	24
35	صبح وشام بستر پر لیٹتے وقت شیطان کے شر سے اللہ کی حفاظت، ڈر یا گھبراہٹ کے وقت	25
36	دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کی دعا، سید الاستغفار	26
37	جہنم سے پناہ کی دعا، جنت کے حصول کی دعائیں	27
38	سونے سے پہلے یہ دعا پڑھیں، بُرا وسوسہ دل میں آئے تو پڑھیں، برکت کیلئے دعا، موذی چیز کے کاٹنے کا دم	28
39	مُرغ یا گدھے کی آواز سن کر، جسم میں کسی جگہ درد ہو تو یہ عمل کریں	29
40	نیا چاند دیکھنے کی دُعا، نیا کپڑا پہننے کی دُعا، اچھی اور بری چیز دیکھنے کی دُعا	30
41	جنتی اور جہنمی لوگوں کا ذکر سنیں تو کہیں، سمندر کی جھاگ کے برابر گناہ بھی معاف، حضرت ابراہیمؑ کا اُمتِ محمدیہ کو سلام، بیمار کیلئے دعا	31
42	حضرت جبرائیلؑ کا دم، کلمات جن کیلئے آسمان کے دروازے کھولے گئے	32
43	تمام مخلوقات کی تمام تعریفوں کے برابر اللہ کی تعریف، نبی ﷺ کی تہجد کی دُعا	33

مکمل نماز ترجمہ کے ساتھ

نماز اسلام کا ایک اہم رکن ہے جو برائی اور بے حیائی سے روکتی ہے اللہ کے قُرب اور جنت کے حصول کا ذریعہ ہے۔ یہ انسان کی زندگی میں سکون اور کامیابی لاتی ہے۔ **اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ :** "یقیناً مومن فلاح(کامیابی) پا گئے۔ وہ لوگ کہ وہ اپنی نمازوں میں خشوع(عاجزی) کرنے والے ہیں" (سورۃ المؤمنون 1 تا 2) ایک اور مقام پر فرمایا: " اور وہ لوگ کہ وہ اپنی نمازوں پر حفاظت و مداومت کرتے ہیں۔ یہی لوگ ہیں وارث۔ وہ جو وارث ہوں گے فردوس(بہشتِ اعلیٰ) کے وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ (سورۃ المؤمنون 9 تا 11) **نبی کریم صل اللہ علیہ والہ وسلم کا فرمان ہے کہ :**"قیامت کے دن بندے سے سب سے پہلے جس عمل کا حساب لیا جائے گا وہ نماز ہے۔ اگر وہ درست ہوئی تو وہ کامیاب ہوگیا، اور اگر وہ خراب ہوئی تو وہ ناکام ہوگیا۔" (جامع ترمذی 413) ۔۔۔آئیے اپنی نمازوں کو بہتر بنائیں۔

تکبیر

اللہُ أَكْبَرُ

ترجمہ: اللہ سب سے بڑا ہے۔ (صحیح بخاری 789)

دُعا: اللَّهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، اللَّهُمَّ نَقِّنِي مِنْ خَطَايَايَ كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ، اللَّهُمَّ اغْسِلْنِي مِنْ خَطَايَايَ بِالثَّلْجِ وَالْمَاءِ وَالْبَرَدِ

ترجمہ: اے اللہ میرے اور میری خطاؤں کے درمیان اتنا فاصلہ پیدا فرما جتنا مشرق و مغرب کے درمیان ہے، اے اللہ مجھے میری خطاؤں سے اس طرح پاک فرما جیسے سفید کپڑا میل سے پاک ہوتا ہے، اے اللہ میری خطاؤں کو برف، پانی اور اولے سے دھو دے۔

(صحیح بخاری 744)

ثناء

سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالَىٰ جَدُّكَ وَلَا إِلَٰهَ غَيْرُكَ

ترجمہ: اے اللہ تو پاک ہے، میں تیری حمد کے ساتھ تیری تعریف کرتا ہوں۔ تیرا نام بابرکت ہے، تیری شان بلند ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ (سنن ابو داؤد 775) (جامع ترمذی 243)

سورة فاتحہ(لازمی)

الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۞ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ۞ مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ ۞ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ ۞ اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ ۞ صِرَاطَ الَّذِينَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۞ غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ ۞ (آمین) (صحیح بخاری 756)

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو سارے جہانوں کا رب ہے۔ وہ بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ روز جزا کا مالک ہے۔ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ ہمیں سیدھا راستہ دکھا۔ ان لوگوں کا راستہ جن پر تیرا انعام ہوا، نہ کہ جن پر تیرا غضب ہوا اور نہ گمراہوں کا۔ (آمین)

سورة اخلاص (اختیاری)

قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ۞ اللّٰهُ الصَّمَدُ ۞ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ ۞ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ ۞ (صحیح بخاری 757)

ترجمہ: آپ کہہ دیجئے کہ وہ اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ اس سے کوئی پیدا ہوا نہ وہ کسی سے پیدا ہوا۔ اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہے۔

رکوع

قیام سے رکوع میں جاتے ہوئے "اللہ اکبر" پڑھیں۔ (صحیح بخاری 789)

اللّٰهُ أَكْبَرُ

ترجمہ: اللہ سب سے بڑا ہے۔

رکوع کی تسبیح:

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ (کم سے کم 3 بار) (صحیح مسلم 1814)

ترجمہ: پاک ہے میرا عظیم رب۔

رکوع سے اٹھتے وقت "سمع الله لمن حمده" پڑھیں۔ (صحیح بخاری 789)

سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ

ترجمہ: اللہ نے اس کی سن لی جس نے اس کی تعریف کی۔

رکوع سے اٹھنے اور "سمع الله لمن حمده" کے بعد پڑھیں۔ (صحیح بخاری 799)

رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ

ترجمہ: اے ہمارے رب تیرے ہی لیے تعریف ہے، ایسی تعریف جو بہت زیادہ، پاکیزہ اور بابرکت ہو۔

پہلا سجدہ

سجدہ میں جاتے ہوئے "اللہ اکبر" پڑھیں۔ (صحیح بخاری 789)

اللّٰهُ أَكْبَرُ

ترجمہ: اللہ سب سے بڑا ہے۔

سجدہ کی تسبیح:

سُبْحَانَ رَبِّيَ الأَعْلَى (کم سے کم 3 بار) (صحیح مسلم 1814)

ترجمہ: پاک ہے میرا رب بہت بلند۔

سجدہ سے اٹھتے ہوئے "اللہ اکبر" پڑھیں۔ (صحیح بخاری 789)

اللّٰهُ أَكْبَرُ

ترجمہ: اللہ سب سے بڑا ہے۔

دو سجدوں کے درمیان دُعا

اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي وَاجْبُرْنِي وَارْفَعْنِي وَاهْدِنِي وَعَافِنِي وَارْزُقْنِي (سنن ابو داؤد 850 ، جامع ترمذی 284 ، سنن الکبری للبیہقی 2750)

ترجمہ: اے اللہ میری مغفرت فرما اور مجھ پر رحم کر اور میرے نقصان پورے فرما اور مجھے بلند مرتبہ عطا کر اور مجھے ہدایت دے اور مجھے صحت عطا فرما اور مجھے رزق عطا فرما.

دوسرا سجدہ

سجدہ میں جاتے ہوئے "اللہ اکبر" پڑھیں۔ (صحیح بخاری 789)

اللّٰهُ أَكْبَرُ

ترجمہ: اللہ سب سے بڑا ہے۔

سجدہ کی تسبیح:

سُبْحَانَ رَبِّيَ الأَعْلَى (کم سے کم 3 بار) (صحیح مسلم 1814)

ترجمہ: پاک ہے میرا رب بہت بلند۔

سجدہ سے اٹھتے ہوئے "اللہ اکبر" پڑھیں۔ (صحیح بخاری 789)

اللّٰهُ أَكْبَرُ

ترجمہ: اللہ سب سے بڑا ہے۔

تشہد

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلَىٰ عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِينَ (صحیح مسلم 897)

ترجمہ: بقاو بادشاہت، اختیار و عظمت اللہ ہی کے لیے ہے، اور ساری دعائیں اور ساری پاکیزہ چیزیں (بھی اسی کے لیے ہیں)، اے نبی آپ پر سلام ہو اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں۔ ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر سلام ہو۔

أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ

ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔ (صحیح مسلم 897)

درودِ ابراہیمی

اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَعَلَىٰ آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَعَلَىٰ آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ

اللَّهُمَّ بَارِكْ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَعَلَىٰ آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَعَلَىٰ آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ

(سنن ابو داؤد 1481) (صحیح بخاری 3370)

ترجمہ: اے اللہ محمد ﷺ اور آل محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جیسے تونے ابراہیمؑ اور آل ابراہیمؑ پر رحمت نازل فرمائی۔ بے شک تو تعریف کے لائق اور بزرگ ہے۔

اے اللہ محمد ﷺ اور آل محمد ﷺ پر برکت نازل فرما جیسے تونے ابراہیمؑ اور آل ابراہیمؑ پر برکت نازل فرمائی۔ بے شک تو تعریف کے لائق اور بزرگ ہے۔

دعائے مغفرت

1 رَبِّ اجْعَلْنِي مُقِيمَ الصَّلَاةِ وَمِن ذُرِّيَّتِي رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاءِ رَبَّنَا اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابُ

ترجمہ: اے میرے رب مجھے نماز قائم کرنے والا بنادے اور میری اولاد کو بھی۔ اے ہمارے رب میری دعا قبول فرما۔ اے ہمارے رب مجھے، میرے والدین کو اور تمام مومنین کو اس دن بخش دے جب حساب قائم ہوگا۔

درج ذیل دعاؤں کا بھی اہتمام کریں:

(صحیح بخاری 835)

2 اللَّهُمَّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي ظُلْمًا كَثِيرًا وَلاَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلاَّ أَنْتَ، فَاغْفِرْ لِي مَغْفِرَةً مِنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِي إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ

ترجمہ: اے اللہ میں نے اپنی جان پر بہت ظلم کیا ہے اور گناہوں کو تیرے سوا کوئی معاف نہیں کر سکتا۔ پس تو مجھے اپنی طرف سے معافی عطا فرما اور مجھ پر رحم فرما۔ بے شک تو بہت معاف کرنے والا، مہربان ہے۔

3 رَبَّنَا ءَامَنَّا فَاغْفِرْلَنَا وَارْحَمْنَا وَأَنْتَ خَيْرُالرَحِمِيْنَ (فِی الدُنْيَا وَالْاَخِرَة وَفِی كُلِّ حَالٍ)

ترجمہ: اے ہمارے رب ہم ایمان لائے، تو ہمیں معاف فرما اور ہم پر رحم فرما، اور تو ہی بہترین رحم کرنے والا ہے (دنیا اور آخرت میں، اور ہر حال میں)۔

4 اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ

ترجمہ: اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں قبر کے عذاب سے، اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں آگ کے عذاب سے، اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں زندگی اور موت کے فتنوں سے، اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں مسیح دجال کے فتنے کے شر سے۔

سلام(دائیں اور بائیں جانب)

پہلے دائیں جانب منہ کر کے یہ الفاظ پڑھیں اور پھر بائیں جانب منہ کر کے یہی الفاظ پڑھیں۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَ رَحْمَۃُ اللہِ (سنن ابو داؤد 996)

ترجمہ: تم پر اللہ تعالیٰ کی سلامتی اور رحمت ہو۔

سلام پھیرنے کے بعد:

اللہُ أَكْبَرُ (ایک دفعہ) (صحیح بخاری 842)

اَسْتَغْفِرُ اللہ (تین دفعہ) (صحیح مسلم 1334)

دعائے قنوت (وتر میں)

اللَّهُمَّ اهْدِنِي فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَعَافِنِي فِيمَنْ عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنِي فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَبَارِكْ لِي فِيمَا أَعْطَيْتَ، وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ، إِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، وَإِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ

ترجمہ : اے اللہ ہدایت دے مجھے ان میں (داخل کرکے) جن کو آپ نے ہدایت دی ہے، اور عافیت دے مجھے ان میں (داخل کرکے) جن کو آپ نے عافیت دی ہے، اور کارساز بن میرا ان میں جن کی آپ نے کارسازی کی ہے، اور میرے لیے برکت عطا فرما ان چیزوں میں جو آپ نے عطا کی ہیں، اور مجھے اس شر سے محفوظ رکھ جس کا آپ نے فیصلہ کیا ہے، بے شک آپ فیصلہ کرتے ہیں اور آپ کے فیصلہ کے خلاف کوئی فیصلہ نہیں کیا جا سکتا، اور جس سے آپ محبت رکھیں وہ کبھی ذلیل نہیں ہوتا اور جس سے آپ دشمنی رکھیں وہ کبھی عزت نہیں پا سکتا۔ بڑی برکتوں والا ہے تو اے ہمارے رب اور بلند و بالا ہے

(سنن ابو داؤد 1425)

رسولﷺ جب وتر پڑھ لیتے تو یہ پڑھتے:

سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُوسِ (سنن ابو داؤد 1430)

ترجمہ : پاک ہے وہ ذات جو حاکم مطلق ہے اور ہر اعتبار سے پاک ہے

قیام الیل میں نبیﷺ نے سجدے میں یہ دعا مانگی

اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَبِمَعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوبَتِكَ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْكَ لَا أُحْصِي ثَنَاءً عَلَيْكَ أَنْتَ كَمَا أَثْنَيْتَ عَلَىٰ نَفْسِكَ

ترجمہ : اے اللہ میں تیری ناراضگی سے تیری رضامندی کی پناہ میں آتا ہوں اور تیری سزا سے تیری معافی کی پناہ میں آتا ہوں اور تجھ سے تیری ہی پناہ میں آتا ہوں، میں تیری ثنا پوری طرح بیان نہیں کر سکتا، تو ویسا ہی ہے جیسے تو نے اپنی تعریف خود بیان کی۔ (صحیح مسلم 1090)

اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ؕ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ۞ وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ۞ وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِىْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّ اَخْرِجْنِىْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّىْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ۞ وَقُلْ جَآءَ الْحَـقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ۞ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۞ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَـُٔوْسًا ۞ قُلْ كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ؕ فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا ۞

ترجمہ : نماز کو قائم کریں آفتاب کے ڈھلنے سے لے کر رات کی تاریکی تک اور فجر کا قرآن پڑھنا بھی یقیناً فجر کے وقت کا قرآن پڑھنا حاضر کیا گیا ہے۔ رات کے کچھ حصے میں تہجد کی نماز میں قرآن کی تلاوت کریں یہ زیادتی آپ کے لئے ہے عنقریب آپ کا رب آپ کو مقام محمود میں کھڑا کرے گا۔ اور دعا کیا کریں کہ اے میرے رب مجھے جہاں لے جا اچھی طرح لے جا اور جہاں سے نکال اچھی طرح نکال اور میرے لئے اپنے پاس سے غلبہ اور امداد مقرر فرمادے۔ اور اعلان کردے کہ حق آچکا اور باطل نابود ہو گیا۔ یقیناً باطل تھا بھی نابود ہونے والا۔ یہ قرآن جو ہم نازل کر رہے ہیں مومنوں کے لئے تو سراسر شفا اور رحمت ہے۔ ہاں ظالموں کو بجز نقصان کے اور کوئی زیادتی نہیں ہوتی۔ اور انسان پر جب ہم اپنا انعام کرتے ہیں تو وہ منہ موڑ لیتا ہے اور کروٹ بدل لیتا ہے اور جب بھی اسے کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ مایوس ہو جاتا ہے۔ کہہ دیجئے کہ ہر شخص اپنے طریقہ پر عامل ہے جو پوری ہدایت کے راستے پر ہیں انہیں تمہارا رب ہی بخوبی جاننے والا ہے۔ (سورۃ بنی اسرائیل: 78 تا 84)

نماز کے بعد اِن دعاؤں کو بھی اپنا معمول بنائیں

1 اللَّهُمَّ أَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَاذَاالْجَلَالِ وَالإِكْرَامِ

ترجمہ: اے اللہ تو ہی سلامتی والا ہے اور تجھی سے سلامتی ہے، تو بڑی برکت والا ہے، اے عظمت اور بزرگی والے

(صحیح مسلم 1334)

2 اللَّهُمَّ أَعِنِّي عَلَى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ

ترجمہ: اے اللہ مجھے اپنا ذکر کرنے، تیرا شکر ادا کرنے اور عمدہ طریقے سے تیری عبادت کرنے کی توفیق عطا فرما

(سنن ابو داؤد 1522)

3 لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ اللَّهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

ترجمہ: ایک اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ یکتا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، حکومت اور فرمانروائی اسی کی ہے، وہی شکر و ستائش کا حقدار ہے اور ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے، اے اللہ جو کچھ تو کسی کو دے اسے کوئی روک سکنے والا نہیں اور جس چیز کو تو روک لے کوئی اسے دے سکنے والا نہیں اور تیرے سامنے کسی شان والے کو اس کی شان کوئی فائدہ نہیں دے سکتی

(صحیح بخاری 844)

4 سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ

ترجمہ: اے اللہ تو ہر قسم کے نقص و عیب سے پاک ہے اور تمام تعریفوں اور خوبیوں والا ہے۔ میں تجھ سے معافی طلب کرتا ہوں اور تیری طرف رجوع کرتا ہوں۔

(سنن نسائی 1345)

5 اَللّٰهُمَّ اهْدِنِی مِنْ عِنْدِكَ وَافْضِ عَلَی مِنْ فَضْلِكَ وَانْثُرْ عَلَّی مِنْ رَحْمَتِكَ وَانْزِلْ عَلٰی مِن بَرَكَاتِكَ

ترجمہ: اے اللہ مجھے اپنی طرف سے ہدایت دے، اور اپنے فضل سے مجھ پر انعام کر، اور اپنی رحمت سے مجھ پر کرم کر، اور اپنی برکتوں کو مجھ پر نازل فرما۔

6 اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا، وَرِزْقًا طَيِّبًا، وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا

(نمازِ فجر کے بعد)

ترجمہ: اے اللہ میں تجھ سے فائدہ دینے والے علم، پاک رزق اور قبول ہونے والے عمل کا سوال کرتا ہوں۔

(سنن ابن ماجہ 925)

7 اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي وَاهْدِنِي وَعَافِنِي وَارْزُقْنِي

ترجمہ: اے اللہ مجھے بخش دے، مجھ پر رحم فرما، مجھے ہدایت دے، مجھے عافیت عطا فرما اور مجھے رزق عطا کر۔

(صحیح مسلم 6850)

8 رَبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزِلًا مُبَارَكً وَاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ

ترجمہ: اے میرے رب مجھے بابرکت جگہ اُتار اور تو ہی سب سے بہتر اُتارنے والا ہے۔ (سورۃ المؤمنون 29)

9 اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِیْ مِنْ النَّارِ

ترجمہ: اے اللہ مجھے آگ (جہنم) سے پناہ دے۔

نماز کے بعد دعا مانگنے کی بڑی فضیلت ہے اور یہ سنت نبوی ﷺ سے ثابت ہے. نماز کے بعد دعا مانگنا انتہائی فضیلت والا عمل ہے، جو ہماری دعاؤں کی قبولیت، گناہوں کی معافی اور اللہ کی رحمت حاصل کرنے کا ذریعہ ہے.

حدیثِ مبارکہ ہے کہ : ابوامامہؓ کہتے ہیں کہ پوچھا گیا: اے اللہ کے رسولﷺ کون سی دعا زیادہ سنی جاتی ہے؟ آپﷺ نے فرمایا: ''آدھی رات کے آخر کی دعا (یعنی تہائی رات میں مانگی ہوئی دعا) اور فرض نمازوں کے اخیر میں'' (جامع ترمذی: 3499)

اللہ کی پناہ حاصل کرنے کے لئے

1 نَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ

ترجمہ: ہم فتنوں سے جو ظاہر ہیں اور پوشیدہ ہیں اللہ کی پناہ میں آتے ہیں۔ (صحیح مسلم 7213)

2 اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ

ترجمہ: اے اللہ میں کفر، فقر اور عذابِ قبر سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ (سنن نسائی 1348)

3 اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ العَجْزِ وَالكَسَلِ، وَالجُبْنِ وَالهَرَمِ، وَأَعُوذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ المَحْيَا وَالمَمَاتِ، وَأَعُوذُبِكَ مِنْ عَذَابِ القَبْرِ

ترجمہ: اے اللہ میں تیرے ذریعے سے عاجزی، سستی، بزدلی اور بڑھاپے کی ذلیل حدود میں پہنچ جانے سے پناہ مانگتا ہوں۔ اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں زندگی اور موت کے فتنوں سے، نیز میں تیرے ذریعے سے عذاب قبر سے پناہ چاہتا ہوں۔ (صحیح بخاری 2823)

4 اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِکَ مِنْ جَارِ السُّوْءِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْجَارِالسَّوْءِ وَمِنْ فِتْنَةِ النَّاسِ وَمِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَ فِتْنَةِ الْمَوتِ وَ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَ فِتْنَةِ جَهَنَّمَ وَمِنْ فِتْنَةِ النَّارِ وَمِنْ كُلِّ فِتْنَةِ وَاغْفِرْلَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْرَّحِمِيْنَ

ترجمہ: اے اللہ ہم تیری پناہ چاہتے ہیں برے پڑوسی سے اور برے پڑوسی کے فتنہ سے اور لوگوں کے فتنہ سے اور دنیا کے فتنہ سے اور موت کے فتنہ اور قبر کے فتنہ اور جہنم کے فتنہ اور آگ کے فتنہ سے اور ہر قسم کے فتنہ سے اور ہمیں بخش دے اور رحم کر ہم پر اور تو ہی بہتر رحم کرنے والا ہے۔

5 اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الهَمِّ وَالحَزَنِ، وَالعَجْزِ وَالكَسَلِ، وَالجُبْنِ وَالبُخْلِ، وَضَلَعِ الدَّيْنِ، وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ

(صحیح بخاری 6369)

ترجمہ: اے اللہ میں غم والم، عاجزی وکاہلی، بزدلی نیز قرضے کے بوجھ اور لوگوں کے غلبے سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

6 اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْهَدْمِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ التَّرَدِّي، وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ الْغَرَقِ، وَالْحَرَقِ، وَالْهَرَمِ، وَأَعُوذُ بِكَ أَنْ يَتَخَبَّطَنِي الشَّيْطَانُ عِنْدَ الْمَوْتِ وَأَعُوذُ بِكَ أَنْ أَمُوتَ فِي سَبِيلِكَ مُدْبِرًا، وَأَعُوذُ بِكَ أَنْ أَمُوتَ لَدِيغًا

(سنن ابو داؤد 1552)

ترجمہ: اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں کہ کوئی مکان یا دیوار مجھ پر آگرے یا کسی بلند مقام سے گر پڑوں۔ میں تیری پناہ چاہتا ہوں غرق ہونے سے، جلنے یا از حد بوڑھا ہو جانے سے، تیری پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ شیطان مجھے موت کے وقت بدحواس کر دے، یا اس بات سے کہ جہاد میں پیٹھ پھیرتے ہوئے مروں یا اس کیفیت سے کہ زہریلے جانور کے کاٹنے سے مجھے موت آئے۔

7 أَعُوذُ بِاللَّهِ السَّمِيعِ الْعَلِيمِ مِنْ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ مِنْ هَمْزِهِ وَنَفْخِهِ وَنَفْثِهِ

(سنن ابو داؤد 775)

ترجمہ: میں اللہ سننے والے جاننے والے کی پناہ چاہتا ہوں کہ شیطان مردود مجھ پر کوئی جنون کا اثر ڈالے یا مجھے تکبر پر آمادہ کرے غلط شعر و شاعری کی طرف لے آئے۔

8 اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ أَعْمَلْ

(سنن ابو داؤد 1550)

ترجمہ: اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں ان اعمال کے شر سے جو میں نے کیے ہیں اور ان اعمال کے شر سے بھی جو میں نے نہیں کیے۔

9 بِسْمِ اللهِ الَّذِیْ لَایَضُرُّمَعَ اسْمِہٖ شَیءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَافِی السَّمَآءِ وَھُوَالسَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ (تین دفعہ صبح و شام)

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جس کے نام سے زمین اور آسمان میں کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی، اور وہ سننے والا، جاننے والا ہے۔

(سنن ابو داؤد 5088)

10 بِسْمِ اللهِ تَوَكَّلْنَاعَلَیَ اللهِ الْحَیُّ الْقَیُوْمُ

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں، ہم اللہ پر توکل کرتے ہیں، جو زندہ اور قائم رہنے والا ہے۔

11 بِسْمِ اللهِ تَوَكَّلْنَاعَلَیَ اللهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں، ہم اللہ پر توکل کرتے ہیں، نہ کوئی طاقت ہے اور نہ کوئی قوت، سوائے اللہ کے، جو بلند اور عظیم ہے۔

12 اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَا يَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ وَمِنْ دُعَاءٍ لَا يُسْمَعُ

ترجمہ: اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس علم سے جو نفع مند نہ ہو اس دل سے جس میں خشوع و خضوع نہ ہو اس نفس سے جو سیر نہ ہو اور اس دعا سے جو سنی نہ جائے۔

(سنن نسائی 5539)

13 اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ

ترجمہ: اے اللہ میں عذاب قبر سے اور عذاب جہنم سے، زندگی اور موت کے فتنے سے اور مسیح دجال کے فتنے سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

(صحیح بخاری 1377)

14 اللَّهُمَّ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَفِي الآخِرَةِ حَسَنَةً، وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

(صحیح بخاری 6389)

ترجمہ: اے اللہ ہمیں دنیا میں بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی بھلائی دے اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھ۔

دعا کی قبولیت کے لئے

(اِن عظیم کلمات کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں بے شک اللہ تعالیٰ دعاؤں کا سننے والا اور قبول کرنے والا ہے)

1 سُبْحَانَ اللَّهِ وَبِحَمْدِهِ عَدَدَ خَلْقِهِ وَرِضَا نَفْسِهِ وَزِنَةَ عَرْشِهِ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهِ

ترجمہ: پاکیزگی ہے اللہ کی اور اس کی تعریف کے ساتھ، جتنی اس کی مخلوق کی گنتی ہے اور جتنی اس کو پسند ہے اور جتنا اس کے عرش کا وزن اور جتنی اس کے کلمات کی سیاہی ہے۔ (صحیح مسلم 6913)

2 اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُولِکَ وَعَلَى الْمُوْمِنِيْنَ وَالْمُومِنَاتِ وَالْمُسلِمِيْنَ والْمُسلِمَات

ترجمہ: اے اللہ رحمت نازل فرما محمد ﷺ اور آل محمد ﷺ پر، تیرے بندے اور رسول پر، اور مومن مردوں اور مومن عورتوں اور مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں پر

3 لاَ إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِينَ

ترجمہ: تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں، تو پاک ہے، میں ہی ظالم (خطاکار) ہوں۔

ذوالنون (یونسؑ) کی دعا جو انہوں نے مچھلی کے پیٹ میں رہنے کے دوران کی تھی (جامع ترمذی 3505)

4 يَاقَدِيمُ يَاخَفِيُ يَادَائِمُ يَاوِتْرُ يَااَحَدُ يَاصَمَدُ يَاحَيُّ يَاقَيُومُ يَااللّٰهُ يَارَحمٰنُ يَارَحِيمُ يَاذُالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَانُورُالسَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ

ترجمہ: اے قدیم، اے پوشیدہ، اے ہمیشہ قائم یا موجود رہنے والے ، اے واحد، اے یکتا و یگانہ، اے بے نیاز، اے زندہ، اے مستقل رہنے والے، اے اللہ، اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے، اے مہربان، اے عظمت اور بزرگی والے، اے نور آسمانوں اور زمین کے اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اور عرش عظیم کے رب اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

5 رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جب کوئی نیند سے جاگے پھر کہے **(لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَلاَ إِلَهَ إِلاَّ اللهُ وَاللهُ أَكْبَرُ وَلاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ إِلاَّ بِاللهِ)**، پھر کہے **(رَبِّ اغْفِرْ لِي)** اے میرے رب ہمیں بخش دے، یا آپ ﷺ نے کہا: پھر وہ دعا کرے تو اس کی دعا قبول کی جائے گی، پھر اگر اس نے ہمت کی اور وضو کیا پھر نماز پڑھی تو اس کی نماز مقبول ہوگی“ (جامع ترمزی 3414)

6 اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ أَنِّي أَشْهَدُ أَنَّكَ أَنْتَ اللَّهُ، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، الْأَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِي لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ

(سنن ابو داؤد 1493)

ترجمہ: اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس بنا پر کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ تو ہی اللہ ہے۔ تیرے سوا اور کوئی معبود نہیں۔ تو اکیلا ہے، بے نیاز ہے جس نے نہ جنا اور نہ جنا ہی گیا اور کوئی بھی اس کی برابری کرنے والا نہیں۔

7 اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِأَنَّ لَكَ الْحَمْدُ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ الْمَنَّانُ بَدِيعُ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ

(سنن ابو داؤد 1495)

ترجمہ: اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس لیے کہ تیری ہی تعریف ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو بے انتہا احسان کرنے والا ہے، آسمان وزمین کو بے مادہ و بے نمونہ پیدا کرنے والا ہے۔ اے جلال و اکرام والے! اے زندہ! اے نگرانی کرنے والے!

درج ذیل اوقات کو دعا کی قبولیت کے لیے افضل قرار دیا گیا ہے:

1۔ تہجد کے وقت (صحیح بخاری 1145)

2۔ اذان اور اقامت کے درمیان (سنن ابوداؤد 521)

3۔ جمعہ کے دن ایک خاص گھڑی (صحیح بخاری 935)

4۔ فرض نمازوں کے بعد (جامع ترمذی 3499)

5۔ نبی ﷺ نے فرمایا: سجدے کی حالت میں کثرت سے دعا کیا کرو (سنن ابوداود 875)

جادو اور جنات سے حفاظت

1 آیت الکرسی

جو رات کو آیت الکرسی پڑھ لے، اس پر اللہ کی طرف سے ایک نگران مقرر ہو جائے گا جو اس کی حفاظت کرے گا اور صبح تک شیطان بھی پاس نہیں بھٹکے گا۔ (صحیح بخاری 2311)

2 سورۃ البقرہ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اپنے گھروں کو قبرستان نہ بناؤ شیطان اس گھر سے بھاگتا ہے جس میں سورۃ البقرہ پڑھی جاتی ہے۔ (صحیح مسلم 1824)

3 سورۃ البقرہ کی آخری دو آیات

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جس نے رات کے وقت سورۃ البقرہ کی یہ آخری دو آیات پڑھیں وہ اس کے لئے کافی ہوں گی۔ (صحیح مسلم 1880)

4 سورۃ اخلاص، سورۃ الفلق اور سورۃ الناس

آپ ﷺ نے ایک صحابی سے فرمایا: کہو: «قل هو الله أحد» اور معوذتین یعنی «قل أعوذ برب الفلق * قل أعوذ برب الناس» صبح اور شام تین تین بار یہ کہہ لو، تو ہر چیز سے تمہاری کفایت ہو جائے گی۔ (سنن ابو داؤد 5082)

5 نَعُوْذُبِاللهِ الْعَظِيْمِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ وَ بِوَجْهِهِ الْكَرِيْمِ وَ سُلْطَانِهِ الْقَدِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ مِنْ هَمْزِهٖ وَ نَفْخِهٖ وَ نَفْثِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيٰطِيْنِ وَاَنْ يَحْضُرُوْنِ

ترجمہ: ہم اللہ عظیم کی پناہ مانگتے ہیں، جو سننے والا، جاننے والا ہے، اور اس کے کریم چہرے اور قدیم سلطنت کے ذریعے ہم شیطان مردود سے پناہ مانگتے ہیں، اس کے جنون، پھونکوں اور سرگوشیوں سے، اور شیطانوں کے تمام حملوں سے، اور ان کے ہمارے پاس آنے سے۔

6 اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۞ فَتَعَالَى اللهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ

رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ۞ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ۞ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ۞ (المؤمنون 115 تا 118)

ترجمہ: کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ ہم نے تم کو بے فائدہ پیدا کیا ہے اور یہ تم ہماری طرف لوٹ کر نہیں آؤ گے ؟۞ تو اللہ جو سچا بادشاہ ہے (اس کی شان) اس سے اونچی ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی عرش بزرگ کا مالک ہے۞ اور جو شخص اللہ کے ساتھ اور معبود کو پکارتا ہے جس کی اس کے پاس کچھ بھی سند نہیں تو اس کا حساب اللہ ہی کے ہاں ہوگا۔ کچھ شک نہیں کہ کافر رستگاری نہیں پائیں گے۞ اور اللہ سے دعا کرو کہ میرے اللہ مجھے بخش دے اور (مجھ پر) رحم کر اور تو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

7 أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

ترجمہ: میں اللہ کے کامل کلمات کے ذریعے ہر اس چیز کے شر سے پناہ مانگتا ہوں جو اس نے پیدا کی۔ (صحیح مسلم 6878)

8 أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّةِ، مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ، وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ

ترجمہ: میں اللہ کے کلمات تامہ کے ذریعے سے ہر شیطان، زہریلے جانور اور ہر ضرر رساں نظر کے شر سے پناہ مانگتا ہوں۔

نبی ﷺ اِن کلمات سے حضرت حسن ؓ اور حضرت حسین ؓ کو دم کرتے اور فرماتے تھے: '' تمھارے دادا حضرت ابراہیم ؑ بھی انہی کلمات سے حضرت اسماعیل ؑ اور حضرت اسحاق ؑ کو دم کرتے تھے۔''

(صحیح بخاری 3371)

فوت شُدگان کے لئے دعائیں

1 اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيرِنَا وَكَبِيرِنَا وَذَكَرِنَا وَأُنْثَانَا (جامع ترمذی 1024)

ترجمہ: اے اللہ بخش دے ہمارے زندہ اور مردہ، حاضر اور غائب، چھوٹے اور بڑے، مرد اور عورت سب کو۔

2 اللَّهُمَّ اجْعَلْ قَبْرَهُ رَوْضَةً مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ وَلَا تَجْعَلْهُ حُفْرَةً مِنْ حُفَرِ النَّارِ

ترجمہ: اے اللہ اس کی قبر کو جنت کے باغوں میں سے ایک باغ بنادے اور اسے جہنم کے گڑھوں میں سے نہ بنا۔

3 اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَثَبِّتْهُ عِندَ السُّؤَالِ

ترجمہ: اے اللہ اس کی مغفرت فرما اور اسے سوال کے وقت ثابت قدم رکھ۔

سیدنا عثمان بن عفان ؓ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ جب میت کو دفن کر کے فارغ ہو جاتے تو قبر پر ٹھرتے اور فرماتے " اپنے بھائی کے لیے استغفار کرو اور ثابت قدمی کی دعا کرو بیشک اب اس سے سوال کیا جائے گا ۔ (سنن ابو داؤد 3221)

4 اللَّهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَأَعْقِبْنَا عُقْبَى صَالِحَةً (سنن ابو داؤد 3115)

ترجمہ: اے اللہ اس کی بخشش فرما۔ اور ہمیں اس کے بعد بہترین صالح بدل عنایت فرما۔

5 اللَّهُمَّ اغْفِرْلَنَا وَ لِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ

ترجمہ: اے اللہ مجھے اور تمام مومن مردوں اور مومن عورتوں، مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو بخش دے۔

نبی کریم ﷺ جب میت کو قبر میں اتارتے تو یوں فرمایا کرتے: بِسْمِ اللَّهِ وَعَلَى سُنَّةِ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ

ترجمہ: اللہ کے نام سے اور رسول اللہ ﷺ کے طریقے پر۔ (سنن ابوداؤد 3213)

قبروں کو دیکھ کر یہ دُعا پڑھیں

السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُسْلِمِينَ وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللَّهُ بِكُمْ لاَحِقُونَ نَسْأَلُ اللَّهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ

ترجمہ: تم پر سلامتی ہو، اے مومنوں اور مسلمانوں کی بستی والو ہم بھی اِن شاء اللہ تم سے آملنے والے ہیں۔ ہم اللہ سے اپنے لیے اور تمہارے لیے عافیت کا سوال کرتے ہیں۔ (سنن ابن ماجہ 1547)

والدین کے لئے دُعا

رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِىْ صَغِيْرًا

ترجمہ: اے میرے رب میرے ماں باپ دونوں پر رحم فرما اس طرح جیسے انہوں نے مجھ کو بچپن میں پالا۔ (بنی اسرائیل 24)

فوت شدہ مرد کے لئے دُعا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلَهُ وَارْحَمْهُ وَعَافِهِ وَاعْفُ عَنْهُ وَأَكْرِمْ نُزُلَهُ وَوَسِّعْ مُدْخَلَهُ وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَأَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِنْ دَارِهِ وَأَهْلًا خَيْرًا مِنْ أَهْلِهِ وَزَوْجًا خَيْرًا مِنْ زَوْجِهِ وَأَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَأَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ أَوْ مِنْ عَذَابِ النَّارِ

ترجمہ: اے اللہ اس کے گناہ معاف فرما، اس پر رحم فرما، اسے عافیت دے، اور اس سے در گزر فرما، اس کے قیام کی جگہ کو مکرم بنا، اس کا داخلہ وسیع کر، اسے پانی، برف اور ٹھنڈک سے دھو، اور اس کے گناہوں کو اس طرح صاف کر جیسے سفید کپڑے کو میل کچیل سے صاف کیا جاتا ہے، اور

اس کے گھر کے بدلے بہتر گھر، اس کے گھر والوں کے بدلے بہتر گھر والے، اور اس کے شریک حیات سے بہتر شریک حیات عطا فرما، اور اسے جنت میں داخل فرما، اور اسے قبر اور آگ کے عذاب سے پناہ دے۔ (آمین) (صحیح مسلم 2232)

فوت شدہ عورت کے لئے دُعا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهَا وَارْحَمْهَا وَعَافِهَا وَاعْفُ عَنْهَا وَأَكْرِمْ نُزُلَهَا وَوَسِّعْ مُدْخَلَهَا وَاغْسِلْهَا بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّهَا مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَأَبْدِلْهَا دَارًا خَيْرًا مِنْ دَارِهَا وَأَهْلًا خَيْرًا مِنْ أَهْلِهَا وَأَدْخِلْهَا الْجَنَّةَ وَأَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ

ترجمہ: اے اللہ اس کی مغفرت فرما، اس پر رحم فرما، اسے عافیت دے، اور اس سے در گزر فرما، اس کے قیام کی جگہ کو مکرم بنا، اس کا داخلہ وسیع کر، اسے پانی، برف اور ٹھنڈک سے دھو، اور اس کے گناہوں کو اس طرح صاف کر جیسے سفید کپڑے کو میل کچیل سے صاف کیا جاتا ہے، اور اسے اس کے گھر کے بدلے بہتر گھر، اس کے گھر والوں کے بدلے بہتر گھر والے عطا فرما اور اسے جنت میں داخل فرما، اور اسے قبر اور آگ کے عذاب سے پناہ دے۔ (آمین)

اگر والد اور والدہ دونوں (فوت شدہ) کے لئے دُعا کرنی ہو تو:

اللَّهُمَّ اغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ، وَعَافِهِمْ وَاعْفُ عَنْهُمْ، وَأَكْرِمْ نُزُلَهُمْ، وَوَسِّعْ مُدْخَلَهُمْ، وَاغْسِلْهُمْ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ، وَنَقِّهِمْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ، وَأَبْدِلْهُمْ دَارًا خَيْرًا مِنْ دَارِهِمْ، وَأَهْلًا خَيْرًا مِنْ أَهْلِهِمْ، وَأَدْخِلْهُمُ الْجَنَّةَ، وَأَعِذْهُمْ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ عَذَابِ النَّار

ترجمہ: اے اللہ ان کی مغفرت فرما، ان پر رحم فرما، انہیں عافیت دے اور ان سے در گزر فرما۔ ان کی مہمانی کو عزت والا بنا، ان کی قبر کو کشادہ فرما، اور انہیں پانی، برف اور اولوں سے دھو دے۔ انہیں گناہوں سے ایسے پاک کر دے جیسے سفید کپڑے کو میل کچیل سے پاک کیا جاتا ہے۔ انہیں ان کے گھر سے بہتر گھر عطا فرما، ان کے اہل سے بہتر اہل عطا فرما، اور انہیں جنت میں داخل فرما۔ اور انہیں قبر کے عذاب اور جہنم کے عذاب سے محفوظ فرما۔ (آمین)

اپنے پیاروں کے لیے اللہ سے مغفرت طلب کریں

اللَّهُمَّ اغْفِرْلِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَشَايِخِي وَلِجَمِيعِ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْأَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَالْأَمْوَاتِ، إِنَّكَ سَمِيعٌ قَرِيبٌ مُجِيبُ الدَّعَوَاتِ

ترجمہ: اے اللہ مجھے، میرے والدین، میرے اساتذہ، تمام مومن مردوں اور مومن عورتوں، اور تمام مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو بخش دے، جو زندہ ہیں اور جو وفات پا چکے ہیں۔ بے شک تو سننے والا، قریب اور دعا قبول فرمانے والا ہے۔

اولاد کی والدین کے لیے دعا:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جب انسان فوت ہو جائے تو اس کے اعمال منقطع ہو جاتے ہیں سوائے تین اعمال کے (وہ منقطع نہیں ہوتے):

1 صدقہ جاریہ

2 ایسا علم جس سے لوگ فائدہ اٹھائیں

3 **نیک اولاد جو اس کے لیے دعا کرے**

(صحیح مسلم 4223)

قرآنی دعائیں

1 اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ (البقرہ 67)

میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں کہ نادان بنوں

2 رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ (البقرہ 201)

اے ہمارے رب ہم کو دنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی بھلائی بخش اور دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھ

3 رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَؕ (البقرہ 250)

اے ہمارے رب ہم پر صبر کے دہانے کھول دے اور ہمیں (لڑائی میں) ثابت قدم رکھ اور (لشکر) کفار پر فتحیاب کر

4 رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ (البقرہ 286)

اے ہمارے رب اگر ہم بھول گئے ہوں یا خطا کی ہو تو ہمیں نہ پکڑنا۔ اے ہمارے رب ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جو ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا۔ اے ہمارے رب ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جس کی ہمیں طاقت نہ ہو۔ اور (اے ہمارے رب) ہم سے درگزر فرما اور ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم کر تو ہی ہمارا مالک ہے، ہمیں کافروں کی قوم پر غلبہ عطا فرما

5 رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ
رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ (آل عمران 8)

اے ہمارے رب جب تونے ہمیں ہدایت بخشی ہے تو اس کے بعد ہمارے دلوں میں کجی نہ پیدا کر دینا اور ہمیں اپنے ہاں سے نعمت عطا فرما تو تو بڑا عطا فرمانے والا ہے

6 رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

(آلِ عمران 16)

اے ہمارے رب ہم ایمان لے آئے سو ہم کو ہمارے گناہ معاف فرما اور دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھ

7 رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ
الشّٰهِدِيْنَ (آلِ عمران 53)

اے ہمارے رب جو فرمان تونے نازل کیا ہے ہم نے اسے مان لیا اور رسول کی پیروی قبول کی ہمارا نام گواہی دینے والوں میں لکھ لے

8 رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَ ثَبِّتْ
اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ (آل عمران 147)

اے ہمارے رب ہمارے گناہ اور زیادتیاں جو ہم اپنے کاموں میں کرتے رہے ہیں معاف فرما اور ہم کو ثابت قدم رکھ اور کافروں پر فتح عنایت فرما

9 رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ
الْاَبْرَارِ ۚ (آلِ عمران 193)

اے ہمارے رب ہمارے گناہوں کو معاف کر دے اور ہماری برائیاں ہم سے دور کر دے اور ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ موت نصیب فرما

10 رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ۙ ۞ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ۙ
۞ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ۙ ۞ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ۞ (طٰہٰ 25 تا 28)

اے میرے رب (اس کام کے لئے) میرا سینہ کھول دے۔ اور میرا کام آسان کردے۔ اور میری زبان کی گرہ کھول دے۔ تاکہ وہ بات سمجھ لیں

11 رَّبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا (طٰہٰ 114)

اے میرے رب مجھے اور زیادہ علم دے

12 رَّبِّ ارۡحَمۡهُمَا كَمَا رَبَّیٰنِیۡ صَغِیۡرًا (بنی اسرائیل 24)

اے میرے رب ان پر ویسا ہی رحم کر جیسا انہوں نے میرے بچپن میں میری پرورش کی ہے

13 رَبِّ اِنِّیۡ لِمَاۤ اَنۡزَلۡتَ اِلَیَّ مِنۡ خَیۡرٍ فَقِیۡرٌ (القصص 24)

اے میرے رب میں اس کا محتاج ہوں کہ تو مجھ پر اپنی نعمت نازل فرمائے

14 رَبِّ لَا تَذَرۡنِیۡ فَرۡدًا وَّاَنۡتَ خَیۡرُ الۡوٰرِثِیۡنَ (الانبیاء 89)

اے میرے رب مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تو سب سے بہتر وارث ہے

15 رَّبِّ اغۡفِرۡ وَارۡحَمۡ وَاَنۡتَ خَیۡرُ الرّٰحِمِیۡنَ (المؤمنون 118)

اے میرے رب مجھے بخش دے اور (مجھ پر) رحم کر اور تو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے

16 رَبِّ هَبۡ لِیۡ حُكۡمًا وَّاَلۡحِقۡنِیۡ بِالصّٰلِحِیۡنَۙ ۞ وَاجۡعَلۡ لِّیۡ لِسَانَ صِدۡقٍ فِی الۡاٰخِرِیۡنَۙ ۞ وَاجۡعَلۡنِیۡ مِنۡ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِیۡمِۙ ۞ (الشعراء 83 تا 85)

اے میرے رب مجھے علم و دانش عطا فرما اور نیکوکاروں میں شامل کر۔ اور پچھلے لوگوں میں میرا ذکر نیک (جاری) کر۔ اور مجھے نعمت کی بہشت کے وارثوں میں کر

17 رَبِّ انۡصُرۡنِیۡ عَلَی الۡقَوۡمِ الۡمُفۡسِدِیۡنَ (العنکبوت 30)

[redacted]

اے میرے رب ان مفسد لوگوں کے مقابلے میں مجھے نصرت عنایت فرما

18 رَبِّ ابْنِ لِیْ عِنْدَكَ بَیْتًا فِی الْجَنَّةِ (التحریم 11)

اے میرے رب میرے لئے جنت میں اپنے پاس ایک گھر بنا

19 رَبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ

(المؤمنون 29)

اے میرے رب مجھے بابرکت جگہ اُتار اور تو ہی سب سے بہتر اُتارنے والا ہے

20 (رَبِّ) اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ

(الانبیاء 83)

(اے میرے رب) مجھے ایذا ہو رہی ہے اور تو سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے

21 لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

(الانبیاء 87)

تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو پاک ہے (اور) بے شک میں قصوروار ہوں

22 رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۞ رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ (ابراہیم 40،41)

اے میرے رب مجھے نماز قائم کرنے والا بنا دے اور میری اولاد کو بھی۔ اے ہمارے رب! میری دعا قبول فرما۔ اے ہمارے رب! مجھے، میرے والدین کو اور تمام مومنین کو اس دن بخش دے جب حساب قائم ہو گا۔

[redacted]

23 رَبِّ اَوۡزِعۡنِىۡۤ اَنۡ اَشۡكُرَ نِعۡمَتَكَ الَّتِىۡۤ اَنۡعَمۡتَ عَلَىَّ
وَعَلٰى وَالِدَىَّ وَاَنۡ اَعۡمَلَ صَالِحًا تَرۡضٰىهُ وَاَدۡخِلۡنِىۡ
بِرَحۡمَتِكَ فِىۡ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيۡنَ (النمل 19)

اے میرے رب مجھے توفیق عطا فرما کہ جو احسان تونے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کئے ہیں ان کا شکر کروں اور ایسے نیک کام کروں کہ تو ان سے خوش ہو جائے اور مجھے اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں داخل فرما

24 رَبِّ اِنِّىۡۤ اَعُوۡذُ بِكَ اَنۡ اَسۡـَٔلَكَ مَا لَـيۡسَ لِىۡ بِهٖ عِلۡمٌ‌ ؕ
وَاِلَّا تَغۡفِرۡ لِىۡ وَتَرۡحَمۡنِىۡۤ اَكُنۡ مِّنَ الۡخٰسِرِيۡنَ (هود 47)

اے میرے رب میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں کہ ایسی چیز کا تجھ سے سوال کروں جس کی حقیقت مجھے معلوم نہیں۔ اور اگر تو مجھے نہیں بخشے گا اور مجھ پر رحم نہیں کرے گا تو میں تباہ ہو جاؤں گا

25 رَّبِّ اَدۡخِلۡنِىۡ مُدۡخَلَ صِدۡقٍ وَّ اَخۡرِجۡنِىۡ مُخۡرَجَ
صِدۡقٍ وَّاجۡعَلْ لِّىۡ مِنۡ لَّدُنۡكَ سُلۡطٰنًا نَّصِيۡرًا (بنی اسرائیل 80)

اے میرے رب مجھے جہاں لے جا اچھی طرح لے جا اور جہاں سے نکال اچھی طرح نکال اور میرے لئے اپنے پاس سے غلبہ اور امداد مقرر فرما دے

26 رَّبِّ اَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيۡنِۙ۝ وَاَعُوۡذُ بِكَ
رَبِّ اَنۡ يَّحۡضُرُوۡنِ (المؤمنون 97،98)

اے میرے رب میں شیطانوں کے وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہو۔ اور اے میرے رب اس سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس آموجود ہوں

27 رَبِّ اَوۡزِعۡنِىۡۤ اَنۡ اَشۡكُرَ نِعۡمَتَكَ الَّتِىۡۤ اَنۡعَمۡتَ عَلَىَّ
وَعَلٰى وَالِدَىَّ وَاَنۡ اَعۡمَلَ صَالِحًا تَرۡضٰىهُ وَاَصۡلِحۡ لِىۡ
فِىۡ ذُرِّيَّتِىۡ‌ ؕ اِنِّىۡ تُبۡتُ اِلَيۡكَ وَاِنِّىۡ مِنَ الۡمُسۡلِمِيۡنَ (الاحقاف 15)

اے میرے رب مجھے توفیق دے کہ تو نے جو احسان مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کئے ہیں ان کا شکر گزار ہوں اور یہ کہ نیک عمل کروں جن کو تو پسند کرے۔ اور میرے لئے میری اولاد میں صلاح (و تقویٰ) دے۔ میں تیری طرف رجوع کرتا ہوں اور میں فرمانبرداروں میں ہوں

28 فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا
وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ (یوسف 101)

اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے تو ہی دنیا اور آخرت میں میرا کارساز ہے۔ تو مجھے (دنیا سے) اسلام کی حالت میں فوت کر اور نیکوں میں ملادے

29 رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِیْنَ (الاعراف 126)

اے ہمارے رب ہم پر صبر کے دہانے کھول دے اور ہماری جان حالتِ اسلام پر نکال

30 رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَاۚ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ
قَدِیْرٌ (التحریم 8)

اے ہمارے رب ہمیں کامل نور عطا فرما اور ہمیں بخش دے یقیناً تو ہر چیز پر قادر ہے

31 رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ
غَرَامًا (الفرقان 65)

اے ہمارے رب ہم سے دوزخ کے عذاب کو دور رکھ کیونکہ اس کا عذاب چمٹ جانے والا ہے ۖ

32 رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْیُنٍ
وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا (الفرقان 74)

اے ہمارے رب ہم کو ہماری بیویوں کی طرف سے اور اولاد کی طرف سے آنکھ کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں پرہیزگاروں کا امام بنا

33 رَبَّنَا ظَلَمۡنَاۤ اَنۡفُسَنَا وَاِنۡ لَّمۡ تَغۡفِرۡ لَـنَا وَتَرۡحَمۡنَا
لَـنَكُوۡنَنَّ مِنَ الۡخٰسِرِيۡنَ (الاعراف 23)

اے ہمارے رب ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور اگر تو ہمیں نہیں بخشے گا اور ہم پر رحم نہیں کرے گا تو ہم تباہ ہو جائیں گے

34 رَبَّنَاۤ اٰتِنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ رَحۡمَةً وَّهَيِّئۡ لَـنَا مِنۡ اَمۡرِنَا
رَشَدًا (الکہف 10)

اے ہمارے رب ہم پر اپنے ہاں سے رحمت نازل فرما۔ اور ہمارا معاملہ درست کر دے

35 رَبَّنَا لَا تَجۡعَلۡنَا فِتۡنَةً لِّلۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَۙ ۞ وَنَجِّنَا
بِرَحۡمَتِكَ مِنَ الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِيۡنَ (یونس 85،86)

اے ہمارے رب ہم کو ظالم لوگوں کے ہاتھ سے آزمائش میں نہ ڈال۔ اور اپنی رحمت سے قوم کفار سے نجات بخش

36 رَبَّنَا عَلَيۡكَ تَوَكَّلۡنَا وَاِلَيۡكَ اَنَـبۡنَا وَاِلَيۡكَ
الۡمَصِيۡرُ ۞ رَبَّنَا لَا تَجۡعَلۡنَا فِتۡنَةً لِّلَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَاغۡفِرۡ لَـنَا
رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ (الممتحنہ 4،5)

اے ہمارے رب تجھ ہی پر ہمارا بھروسہ ہے اور تیری ہی طرف ہم رجوع کرتے ہیں اور تیرے ہی حضور میں (ہمیں) لوٹ کر آنا ہے۔ اے ہمارے رب ہم کو کافروں کے ہاتھ سے عذاب نہ دلانا اور اے ہمارے رب ہمیں معاف فرما۔ بے شک تو غالب حکمت والا ہے۔

37 رَبَّنَا اغۡفِرۡ لَـنَا وَلِاِخۡوَانِنَا الَّذِيۡنَ سَبَقُوۡنَا بِالۡاِيۡمَانِ
وَلَا تَجۡعَلۡ فِىۡ قُلُوۡبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا رَبَّنَاۤ اِنَّكَ رَءُوۡفٌ
رَّحِيۡمٌ (الحشر 10)

اے ہمارے رب ہمارے اور ہمارے بھائیوں کے جو ہم سے پہلے ایمان لائے ہیں گناہ معاف فرما اور مومنوں کی طرف سے ہمارے دل میں کینہ (وحسد) نہ پیدا ہونے دے۔ اے ہمارے رب تو بڑا شفقت کرنے والا مہربان ہے۔

(آمین)

روزمرہ کی مسنون دعائیں

نیند سے بیدار ہونے کی دُعا

الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُورُ

ترجمہ: سب تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے ہمیں موت دینے کے بعد زندہ کیا اور اسی کی طرف اٹھ کر جانا ہے۔

(صحیح بخاری 6314)

بیت الخلا میں جانے کی دُعا

اَللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

ترجمہ: اے اللہ میں ناپاک چیزوں اور ناپاکیوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ (صحیح بخاری 142)

بیت الخلا سے نکلنے کی دُعا

غُفْرَانَكَ

ترجمہ: اے اللہ میں تیری بخشش چاہتا ہوں

(سنن ابو داؤد 30)

وضو شروع کرنے کی دُعا

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

(سنن ابو داؤد 101)

وضو کے بعد کی دُعا

1 اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ

ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں / دیتی ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

(جامع ترمذی 55)

2 اللَّهُمَّ اجْعَلْنِي مِنَ التَّوَّابِينَ وَاجْعَلْنِي مِنَ الْمُتَطَهِّرِينَ

ترجمہ: اے اللہ مجھے توبہ کرنے والوں اور پاک رہنے والوں میں سے بنادے (جامع ترمذی 55)

آئینہ دیکھتے ہوئے

اللَّهُمَّ كَمَا حَسَّنْتَ خَلْقِي فَحَسِّنْ خُلُقِي

ترجمہ: اے اللہ جس طرح آپ نے میری صورت اچھی بنائی میری سیرت بھی اچھی بنادے

کھانا کھانے کی دُعا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے. (جامع ترمذی 1858)

اگر شروع میں بسم اللہ پڑھنی بھول جائیں تو پڑھیں:

بِسْمِ اللّٰہِ اَوَّلَہٗ وَاٰخِرَہٗ

ترجمہ: اللہ کے نام سے (کھاتا ہوں) اس کے شروع اور آخر میں۔ (سنن ابو داؤد 3767)

کھانا کھانے کے بعد کی دُعا

الحَمْدُ لِلَّهِ كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ، غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَلاَ مُوَدَّعٍ وَلاَ مُسْتَغْنًى عَنْهُ، رَبَّنَا

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں بہت زیادہ، پاکیزہ اور اس میں برکت ڈالی گئی ہے نہ (یہ کھانا) کفایت کیا گیا (کہ مزید کی ضرورت نہ رہے) اور نہ اسے وداع کیا گیا اور نہ اس سے بے نیاز ہوا جاسکتا ہے، اے ہمارے رب۔

(صحیح بخاری 5458)

دودھ پینے کی دُعا

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَ زِدْنَا مِنْهُ

ترجمہ: اے اللہ اس میں ہمارے لئے برکت عطا فرما اور مزید عنایت فرما۔

(سنن ابو داؤد 3730)

گھر سے نکلنے کی دُعا

بِسْمِ اللهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللهِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّابِاللهِ

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ گھر سے نکلتا ہوں، اللہ تعالیٰ پر میں نے بھروسہ کیا، اور گناہ سے بچنے کی ہمت ہے نہ نیکی کرنے کی طاقت، مگر اللہ تعالیٰ کی توفیق سے ہی۔

(جامع ترمذی 3426)

سواری کی دُعا

سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ وَاِنَّا اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ

ترجمہ: پاکی ہے اس ذات کے لئے جس نے اِس کو ہمارے قابو میں کر دیا اور حالانکہ ہم اسے قابو میں لانے کے قابل نہ تھے اور ہم رب کی طرف ضرور لوٹ کر جانے والے ہیں۔

(سنن ابو داؤد 2602)

بازار میں داخل ہونے کی دُعا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص بازار میں داخل ہوتے وقت یہ دعا پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے دس لاکھ (ایک ملین) نیکیاں لکھتا ہے، اور دس لاکھ گناہ معاف فرماتا ہے۔ اور اس کے لیے جنت میں ایک گھر تعمیر فرماتا ہے۔

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، يُحْيِي وَيُمِيتُ وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ، بِيَدِهِ الْخَيْرُ كُلُّهُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ یکتا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے بادشاہت ہے اور اسی کے لیے تمام تعریفیں ہیں، وہی زندگی دیتا ہے اور موت دیتا ہے، اور وہ زندہ رہنے والا ہے جسے موت نہیں۔ اسی کے ہاتھ میں تمام کی تمام بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

(سنن ابن ماجہ 2235)

مسجد میں داخل ہونے کی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي ذُنُوبِي وَافْتَحْ لِي أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

ترجمہ: اللہ کے نام سے داخل ہوتا ہوں، اور اللہ کے رسول پر سلام ہو، اے اللہ! میرے گناہ بخش دے اور میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔

(سنن ابن ماجہ 771)

مسجد سے نکلنے کی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي ذُنُوبِي وَافْتَحْ لِي أَبْوَابَ فَضْلِكَ

ترجمہ: اللہ کے نام سے باہر نکلتا ہوں اور اللہ کے رسول پر سلام ہو، اے اللہ! میرے گناہ بخش دے اور میرے لیے اپنے فضل کے دروازے کھول دے۔

(سنن ابن ماجہ 771)

پریشان حال کے لیے دُعا

اللَّهُمَّ رَحْمَتَكَ أَرْجُو فَلَا تَكِلْنِيْ إِلَى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ
وَأَصْلِحْ لِيْ شَانِيْ كُلَّهُ لَا اِلٰهَ إِلَّا اَنْتَ

ترجمہ: اللہ میں تیری رحمت کی امید رکھتا ہوں، پس مجھے ایک پل کے لیے بھی میرے نفس کے سپرد نہ کر، اور میری حالت بالکل درست فرما دے، آپ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ (سنن ابو داؤد 5090)

مجلس سے اُٹھنے کی دُعا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جو شخص کسی مجلس میں بیٹھے اور اس سے بہت سی لغو اور بیہودہ باتیں ہو جائیں، اور وہ اپنی مجلس سے اٹھ جانے سے پہلے پڑھ لے تو اس کی اس مجلس میں اس سے ہونے والی لغزشیں معاف کر دی جاتی ہیں۔

سُبْحَانَکَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ
اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ

ترجمہ: اے اللہ تو پاک ہے اور تیری ہی تعریف ہے، گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں، آپ سے مغفرت چاہتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں۔

(جامع ترمذی 3433)

بےقراری کی دُعا

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ

ترجمہ: اے زندہ اے قائم رہنے والے میں آپ کی رحمت کا اُمیدوار ہوں۔

(جامع ترمذی 3524)

چھینک کے بعد کی دُعا

الْحَمْدُلِلّٰہِ

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں

الحمدللہ کہنے والے کے لیے یہ دعا کریں:

يَرْحَمُكَ اللَّهُ

ترجمہ: اللہ عزوجل تجھ پر رحم کرے

چھینکنے والا جواب میں کہے: يَهْدِيكُمُ اللَّهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ

ترجمہ: اللہ آپ کو ہدایت دے اور آپ کے معاملات درست کرے (صحیح بخاری 6224)

ادائیگی قرض کی دُعا

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِىْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِىْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

ترجمہ: اے اللہ اپنے حلال کے ذریعے مجھے حرام سے بچا اور مجھے اپنے فضل سے اپنے ماسوا سے مستغنی فرما دے۔

(جامع ترمذی 3563)

جنت کا خزانہ

لَاحَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ إلاَّ بِاللّٰہِ

ترجمہ: نہ کوئی طاقت ہے اور نہ کوئی قوت مگر اللہ کے ساتھ۔ (صحیح بخاری 6384)

صبح و شام بستر پر لیٹتے وقت شیطان کے شر سے اللہ کی حفاظت

ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اللہ کے رسول مجھے کچھ ایسے کلمات بتائیے جنہیں میں جب صبح کروں اور جب شام کروں تو کہہ لیا کروں، آپ ﷺ نے فرمایا کہو:

اللَّهُمَّ فَاطِرَ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضِ، عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيكَهُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِي، وَشَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهِ

ترجمہ: اے اللہ آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے، پوشیدہ اور موجود ہر چیز کے جاننے والے، ہر چیز کے پالنہار اور مالک میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے، میں اپنے نفس کے شر سے، شیطان کے شر سے، اور اس کے شرک سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

آپؐ نے فرمایا: جب صبح کرو اور جب شام کرو اور جب سونے چلو تب اس دعا کو پڑھ لیا کرو

(سنن ابو داؤد 5067)

ڈر یا گھبراہٹ کے وقت

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں (خواب میں) ڈرنے پر یہ کلمات کہنے کو سکھلاتے تھے:

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهِ وَشَرِّ عِبَادِهِ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ وَأَنْ يَحْضُرُونِ

ترجمـــــہ: میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کے کامل کلمات کی اس کے غصہ سے اور اس کے بندوں کے شر سے اور شیاطین کے وسوسوں سے اور ان کے میرے پاس آنے سے۔

(سنن ابو داؤد 3893)

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کی دُعا

حضرت ابو موسی رضي الله تعالی عنہ فرماتے ہیں کہ جب نبی اکرم ﷺ کو کسی قوم کی طرف سے شر کا ڈر ہوتا تو آپ ﷺ یہ دعا فرمایا کرتے تھے :

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِی نُحُورِهِمْ وَنَعُوذُبِکَ مِنْ شُرُورِهِمْ

ترجمہ: اے اللہ مدافعت کیلئے تجھے اُن کے مقابلے میں کرتے ہیں اور ان کے شر سے تیری پناہ طلب کرتے ہیں۔

(سنن ابو داؤد 1537)

سیدالاستغفار

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے اس دعا کے الفاظ پر یقین رکھتے ہوئے دل سے ان کو کہہ لیا اور اسی دن اس کا انتقال ہو گیا شام ہونے سے پہلے، تو وہ جنتی ہے اور جس نے اس دعا کے الفاظ پر یقین رکھتے ہوئے رات میں ان کو پڑھ لیا اور پھر اس کا صبح ہونے سے پہلے انتقال ہو گیا تو وہ جنتی ہے۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَ وَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَ اَبُوْءُ بِذَنْبِي فَاغْفِرْ لِيْ فَاِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

ترجمہ: اے اللہ تو میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں، اور میں اپنی استطاعت کے مطابق تیرے عہد اور وعدے پر قائم ہوں۔ میں جو کچھ بھی کیا، اس کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ میں تیری نعمتوں کا اقرار کرتا ہوں جو تو نے مجھ پر کیں، اور اپنے گناہوں کا اقرار کرتا ہوں۔ پس مجھے معاف فرما، کیونکہ تیرے سوا کوئی گناہ معاف کرنے والا نہیں۔ (صحیح البخاری 6306)

جہنم سے پناہ کی دُعا

اللَّهُمَّ أَجِرْنِي مِنَ النَّارِ

ترجمہ: اے اللہ مجھے جہنم کی آگ سے بچا لے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو تین مرتبہ جہنم سے پناہ مانگتا ہے تو جہنم کہتی ہے: اے اللہ اس کو جہنم سے نجات دے۔

(جامع ترمذی 2572)

جنت کے حصول کی دُعائیں

1 اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ جَنَّةَ الْفِرْدَوْسَ

ترجمہ: اے اللہ میں تجھ سے جنت الفردوس کا سوال کرتا ہوں۔

فرمانِ مصطفیٰ ﷺ: تم اللہ تعالیٰ سے سوال کرو تو جنت فردوس کا سوال کیا کرو کیونکہ یہ جنت کا اعلیٰ اور بلند ترین درجہ ہے اور اس کے اوپر رحمن کا عرش ہے اور اسی سے جنت کی نہریں پھوٹتی ہیں۔

(صحیح بخاری 7423)

2 اللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ

ترجمہ: اے اللہ مجھے جنت والوں میں شامل فرما۔

3 اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ إِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ أَوْ عَمَلٍ

ترجمہ: اے اللہ میں تجھ سے جنت کا سوال کرتا ہوں اور ہر اس عمل کا جو مجھے جنت کے قریب کر دے۔

سونے سے پہلے یہ دُعا پڑھیں

اَللَّهُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوتُ وَأَحْيَا

ترجمہ: اے اللہ میں تیرے نام کے ساتھ سوتا اور بیدار ہوتا ہوں۔

(صحیح بخاری 6314)

بُرا وسوسہ دل میں آئے تو پڑھیں

أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ

ترجمہ: میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے۔

(صحیح بخاری 3276)

برکت کیلئے دُعا

اَللَّهُمَّ بَارِكَ لَنَا فِى مَا رِزَقْتَنَا وَغْفِرْلَنَا وَرْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ

ترجمہ: اے اللہ جو رزق تُو نے ہمیں دیا ہے اس میں برکت دے، اور ہمیں معاف فرما، اور ہم پر رحم کر، اور تُو بہترین رزق دینے والا ہے۔

موذی چیز کے کاٹنے کا دم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی نے ایک قبیلے کے سردار کو زہریلی چیز کے ڈسنے پر سورہ الفاتحہ پڑھ کر دم کیا تھا اور وہ شفا یاب ہو گیا۔

ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ ۝ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ ۝ مَـٰلِكِ يَوْمِ ٱلدِّينِ ۝ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ ۝ ٱهْدِنَا ٱلصِّرَٰطَ ٱلْمُسْتَقِيمَ ۝ صِرَٰطَ ٱلَّذِينَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ ٱلْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا ٱلضَّآلِّينَ ۝ (آمین) (صحیح بخاری 5736)

مُرغ یا گدھے کی آواز سن کر

حضرت ابوہریرہ ؓسے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ”جب تم مرغ کی آواز سنو تو اللہ سے اس کا فضل طلب کرو کیونکہ اس نے فرشتے کو دیکھا ہے۔ اور جب گدھے کی آواز سنو تو اللہ تعالیٰ کے ذریعے سے شیطان کی پناہ مانگو کیونکہ اس نے شیطان کو دیکھا ہے۔“ (صحیح بخاری 3303)

حدیثِ مبارکہ کی روشنی میں درج ذیل الفاظ پڑھیں:

مرغ کی آواز سنیں تو کہیں:

اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ

ترجمہ: اے اللہ میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔

گدھے کی آواز سنیں تو کہیں:

أَعُوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ

ترجمہ: میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے۔

جسم میں کسی جگہ درد ہو تو یہ عمل کریں

سیدنا عثمان بن ابی العاص ثقفی رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے اپنے ایک درد کی شکایت کی، جو ان کے بدن میں پیدا ہو گیا تھا جب سے وہ مسلمان ہوئے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ”تم اپنا ہاتھ درد کی جگہ پر رکھو اور **تین بار (بسم اللہ) کہو**، اس کے بعد سات بار یہ کہو کہ:

أَعُوذُ بِاللهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ

ترجمہ: میں اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں اس چیز کی برائی سے جس کو پاتا ہوں اور جس سے ڈرتا ہوں

(صحیح مسلم 5737)

نیا چاند دیکھنے کی دُعا

اللَّهُمَّ أَهْلِلْهُ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالإِيمَانِ وَالسَّلاَمَةِ وَالإِسْلاَمِ رَبِّي وَرَبُّكَ اللَّهُ

ترجمہ: اے اللہ مبارک کر ہمیں یہ چاند، برکت اور ایمان اور سلامتی اور اسلام کے ساتھ، (اے چاند) میرا اور تمہارا رب اللہ ہے۔

(جامع ترمذی 3451)

نیا کپڑا پہننے کی دُعا

اللَّهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ، أَنْتَ كَسَوْتَنِيهِ، أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِهِ وَخَيْرِ مَا صُنِعَ لَهُ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهِ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهُ

ترجمہ: اے اللہ تیری ہی تعریف ہے، تو نے مجھے یہ پہنایا ہے، میں تجھ سے اس کی خیر اور بھلائی کا سوال کرتا ہوں اور اس بھلائی کا جس کے لیے اسے بنایا گیا ہے، میں اس کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور اس شر سے جس کے لیے اسے بنایا گیا ہے۔ (سنن ابو داؤد 4020)

اچھی اور بری چیز دیکھنے کی دُعا

جب کوئی اچھی چیز دیکھیں:

الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي بِنِعْمَتِهِ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ

ترجمہ: سب تعریفیں اس اللہ کے لئے جس کے فضل و انعام سے نیک کام (اور مقاصد) پورے ہوتے ہیں۔

جب کوئی ناپسندیدہ چیز دیکھیں:

الْحَمْدُ لِلَّهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ

ترجمہ: ہر حال میں اللہ کی تعریف اور اس کا شکر ہے۔

(سنن ابنِ ماجه 3803)

نیک اورجنتی لوگوں کا ذکر ہو تو پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ جَعَلْنَا مِنْ هُمْ

ترجمہ: اے اللہ ہمیں ان میں سے بنادے۔

بُرے اور جہنمی لوگوں کا ذکر ہو تو پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنَا مِنْهُمْ

ترجمہ: اے اللہ ہمیں ان میں سے نہ بنا

سمندر کی جھاگ کے برابر گناہ بھی معاف

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص سو بار

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ

کہے گا اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے اگرچہ وہ سمندر کی جھاگ کی طرح ہوں (جامع ترمذی 3466)

حضرت ابراہیمؑ کا اُمتِ محمدیہ کو سلام

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس رات مجھے معراج کرائی گئی، اس رات میں ابراہیمؑ سے ملا، ابراہیمؑ نے فرمایا: اے محمد ﷺ اپنی امت کو میری جانب سے سلام کہہ دینا اور انہیں بتادینا کہ جنت کی مٹی بہت اچھی (زرخیز) ہے، اس کا پانی بہت میٹھا ہے، اور وہ خالی پڑی ہوئی ہے اور اس کی باغبانی:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلاَ إِلَهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَر سے ہوتی ہے۔

(جامع الترمذی 3462)

بیمار کیلئے دعا

سیدنا ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے کسی ایسے مریض کی عیادت کی جس کی ابھی اجل نہ آئی ہو تو سات بار اس کے پاس یہ دعا پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے اس بیماری سے عافیت دیدے گا۔ (سنن ابو داؤد 3106)

أَسْأَلُ اللَّهَ الْعَظِيمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ أَنْ يَشْفِيَكَ

ترجمہ: میں اللہ سے سوال کرتا ہوں جو عظمت اور بڑائی والا اور عرش عظیم کا رب ہے کہ تجھے شفاء عنایت فرمائے۔

حضرت جبرائیلؑ کا دَم

حضرت ابو سعیدؓ سے روایت ہے، جبریلؑ نبی ﷺ کی خدمت میں تشریف لائے اور فرمایا: اے محمد ﷺ! آپ بیمار ہو گئے ہیں؟ نبی ﷺ نے فرمایا: "ہاں" جبریلؑ نے فرمایا:

بِسْمِ اللَّهِ أَرْقِيكَ، مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُؤْذِيكَ، مِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ أَوْ عَيْنٍ، أَوْ حَاسِدٍ اللَّهُ يَشْفِيكَ، بِسْمِ اللَّهِ أَرْقِيكَ

ترجمہ: میں آپ کو اللہ کے نام سے دم کرتا ہوں، آپ کو تکلیف دینے والی ہر چیز سے، ہر جان یا آنکھ یا حاسد کے شر سے، اللہ آپ کو شفا دے۔ میں آپ کو اللہ کے نام سے دم کرتا ہوں۔

(سنن ابن ماجه 3523)

کلمات جن کیلئے آسمان کے دروازے کھولے گئے

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، انھوں نے کہا: ایک دفعہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھ رہے تھے کہ لوگوں میں سے ایک آدمی نے کہا:

اللهُ أَكْبَرُ كَبِيرًا، وَالْحَمْدُ لِلَّهِ كَثِيرًا، وَسُبْحَانَ اللهِ بُكْرَةً وَأَصِيلًا

ترجمہ: اللہ سب سے بڑا ہے بہت بڑا، اور تمام تعریف اللہ کے لیے ہے بہت زیادہ اور تسبیح اللہ ہی کے لیے ہے، صبح و شام

رسول اللہ ﷺ نے پوچھا: "فلاں فلاں کلمہ کہنے والا کون ہے؟ لوگوں میں سے ایک آدمی نے کہا: اللہ کے رسول ﷺ میں ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا: "مجھے ان پر بہت حیرت ہوئی، ان کے لیے آسمان کے دروازے کھول دیے گئے۔" ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے کہا: میں نے جب سے آپ ﷺ سے یہ بات سنی، اس کے بعد سے ان کلمات کو کبھی ترک نہیں کیا۔

(صحيح مسلم 1358)

تمام مخلوقات کی تمام تعریفوں کے برابر اللہ کی تعریف

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس آدمی نے بستر پر لیٹ کر یہ دعا پڑھی تو اس نے تمام مخلوقات کی بیان کردہ اللہ تعالیٰ کی تعریفات کہہ ڈالیں۔ (السلسلة الصحيحة)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الذي كفاني وآواني، الحمدُ للهِ الذي أطعمني وسقاني، الحمدُ للهِ الذي منَّ عليَّ وأفضلَ، اللهمَّ إني أسألُك بعزَّتِك أن تُنجِيَني منَ النَّار

ترجمہ: ساری تعریف اس اللہ کے لیے ہے جس نے مجھے کفایت کیا اور جگہ دی، ساری تعریف اس اللہ کے لیے ہے جس نے مجھے کھلایا اور ساری تعریف اس اللہ کی ہے جس نے مجھ پر احسان کیا اور مہربانی کی۔ اے اللہ میں تجھ سے تیری عزت کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ تو مجھے آگ سے نجات دیدے

نبیﷺ کی تہجد کی دُعا

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی ﷺ جب رات کے وقت تہجد کے لیے کھڑے ہوتے تو یہ دعا پڑھتے:

اللَّهُمَّ لَكَ الحَمْدُ، أَنْتَ نُورُ السَّمَوَاتِ وَالأَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ، وَلَكَ الحَمْدُ، أَنْتَ قَيِّمُ السَّمَوَاتِ وَالأَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ، وَلَكَ الحَمْدُ، أَنْتَ الحَقُّ، وَوَعْدُكَ حَقٌّ، وَقَوْلُكَ حَقٌّ، وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ، وَالجَنَّةُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ، وَالسَّاعَةُ حَقٌّ، وَالنَّبِيُّونَ حَقٌّ، وَمُحَمَّدٌ حَقٌّ، اللَّهُمَّ لَكَ أَسْلَمْتُ، وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَإِلَيْكَ أَنَبْتُ، وَبِكَ خَاصَمْتُ، وَإِلَيْكَ حَاكَمْتُ، فَاغْفِرْ لِي مَا قَدَّمْتُ وَمَا

أَخَّرْتُ، وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ، أَنْتَ المُقَدِّمُ وَأَنْتَ المُؤَخِّرُ، لاَ إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، أَوْ لاَ إِلَهَ غَيْرُكَ

ترجمہ: اے اللہ تیرے ہی لیے تمام تعریفیں ہیں۔ آسمان وزمین اور جو کچھ ان میں موجود ہے توان سب کو روشن کرنے والا ہے۔ تیرے ہی لیے تمام تعریفیں ہیں۔ تو آسمان وزمین اور ان میں موجود تمام چیزوں کو قائم رکھنے والا ہے تیرے ہی لیے تمام تعریفیں ہیں۔ تو حق ہے، تیرا وعدہ برحق تیری بات مبنی بر حقیقت تیری ملاقات بھی حق، جنت حق دوزخ حق، قیامت حق، تمام انبیاء برحق اور محمد رسول اللہ ﷺ بھی برحق ہیں۔ اے اللہ! میں نے تیرے سپرد کیا، تجھ پر بھروسا کیا تجھ پر ایمان لایا، تیری طرف رجوع کیا، تیرے سبب خصومت کرتا ہوں اور تیری طرف فیصلہ لے جاتا ہوں، اس لیے میری اگلی پچھلی خطاؤں کو معاف کردے، وہ خطائیں بھی جو میں نے خفیہ کی ہیں اور وہ جو بر سرعام کی ہیں۔ تو ہی سب سے پہلے ہے اور سب سے بعد میں ہے۔ تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔ (صحیح بخاری 6317)

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ
وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ
وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

ترجمہ: پاک ہے آپ کا رب، عزت کا مالک،
اُن باتوں سے جو یہ لوگ بیان کرتے ہیں۔
اور سلام ہے پیغمبروں پر۔
اور ساری تعریفیں اللہ کے لیے ہیں
جو رب ہے سارے جہانوں کا۔

[redacted]

قارئین کے نام پیغام

اِن دُعاؤں کو خود بھی سیکھیں اور دوسروں تک بھی پہنچائیں۔ نیکی کو پھیلانے کی ترغیب دینا ایک عظیم کام ہے جو معاشرے میں مثبت تبدیلی لاتا ہے۔ قرآن و حدیث میں بھی نیکی کی تلقین اور دوسروں کو اس کی دعوت دینے کی تاکید کی گئی ہے۔

قرآنِ کریم میں اللہ تعالیٰ کا فرمانِ عالیشان ہے:

’’اور تم میں ایک جماعت ایسی ہونی چاہیئے جو لوگوں کو نیکی کی طرف بلانے اور اچھے کام کرنے کا حکم دے اور برے کاموں سے منع کرے یہی لوگ ہیں جو نجات پانے والے ہیں‘‘ ۔

(سورۃ آلِ عمران: 104)

حدیثِ نبویﷺ ہے:

’’اللہ اور اس کے فرشتے اور آسمان اور زمین والے یہاں تک کہ چیونٹیاں اپنی سوراخ میں اور مچھلیاں اس شخص کے لیے جو نیکی وبھلائی کی تعلیم دیتا ہے خیر وبرکت کی دعائیں کرتی ہیں‘‘ ۔ (جامع ترمذی: 2685)

ہمیں چاہیے کہ خود نیکی اختیار کریں اور دوسروں کو بھی اس کی طرف مائل کریں تاکہ بھلائی کا ایک نہ ختم ہونے والا سلسلہ جاری رہے۔ **جزاکم اللہ خیراً**

الدعاء إلى الله

اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے نور سے منور فرمائے، دل میں ایمان کو راسخ فرمائے، زبان کو ذکر، ہاتھوں کو خیر، اور قدموں کو صراطِ مستقیم پر قائم فرمائے۔ ہمارے گناہوں کو معاف فرمائے، پریشانیوں کو دور کرے، رزقِ حلال، صحتِ کاملہ، اور زندگی میں برکت عطا فرمائے۔ آخرت میں اپنی خاص رحمت فرمائے اور عرشِ عظیم کے سائے میں جگہ عطا فرمائے، اور ہم سب کو اپنی رضا، بخشش اور جنت الفردوس کا وارث بنائے۔ **آمین**

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

اے ہمارے رب! ہم سے یہ خدمت قبول فرما۔ بے شک تو سننے والا (اور) جاننے والا ہے **(آمین)**

[redacted]